گنداواہ (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر جمل کھسی نے کہا ہے کہ ضلعی صدر مقام گنداواہ کا دیرینہ بجلی بحران حل کرنا ہمیشہ سے میری کوشش رہی ہے اس مقصد کے لیے بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈیولپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے تحت جمل کھسی گروپ سے گنداواہ کو بجلی کی فراہمی کی اسکیم منظور کی گئی ہے جس پر جلد عمل درآمد کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ممتاز قبائلی و سیاسی رہنما سید صفدر اکبر علی شاہ حسینی کی سربراہی میں ملنے والے معتبرین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد نے ڈپٹی کمشنر کو امن و امان صحت بجلی بحران، گنداواہ تا نوتال سڑک کی صورت حال، واٹر سپلائی سے پانی کے ضیاع، ریونیو کیس، پولیس چوکیوں کی فعالیت، شہر میں حفاظتی اقدامات اور ضلعی صدر مقام کی واحد بینک برانچ سمیت دیگر مسائل سے تفصیلی آگاہ کیا ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تعیناتی کے بعد سے گنداواہ کے بجلی کے دیرینہ مسئلے کے حل کے لیے کوششیں جاری ہیں منتخب نمائندوں اور ہی او کیسکو سے بھی بات چیت کی جا رہی ہے اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے اسکیم منظور کی گئی ہے جس پر جلد عمل درآمد ہوگا انہوں نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ مسائل کے حل کے لیے نہ صرف تحریری طور پر متعلقہ حکام سے رابطہ کیا جائے گا بلکہ خود بھی اعلیٰ حکام کے پاس جاؤں گا وفد میں چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداواہ ایڈووکیٹ مشتاق احمد ترین، ایڈووکیٹ سید ولایت شاہ بخاری، سید حاجن شاہ حسینی، پریس کلب کے صدر فدا حسین ترین، وائس آف گنداواہ کے ایل ایس عمران علی راہوجہ، ایم سی کونسلران وڈیرہ محمد چنگل وشکر، وڈیرہ کرم الٰہی گھوریہ، بابو عاشق حسین کلواڑ، وڈیرہ شکیل خان آرائیں، جاموٹ اتحاد کے وڈیرہ خالد حسین راہوجہ، فیاض حسین کلواڑ، جمی ہاوس گنداواہ کے نشی نادر علی ڈگر، گل شیر احمد سومرو اور تعلیقی رہنما و عمائل سمیت دیگر معتبرین شامل تھے۔

Century Express Quetta

پولیو مہم میں غفلت برداشت نہیں کی جائیگی، مہراللہ بادینی

ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت پولیو مہم کا اجلاس، دوسرے روز کی کارکردگی کا جائزہ

اہداف کے حصول میں ناکام رہنے والی ٹیموں کو تبدیل کیا جائے، متعلقہ حکام کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت جاری انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ صحت، ڈی ایچ او، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی (DEA) کوئٹہ، ڈی ایچ او میونسپل ای او سی، ڈسٹرکٹ پولیو ٹیوں، مانیٹرز، پولیس اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی، تمام یونین کونسلز میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کی مجموعی کوریج اور ٹیلی ٹیموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ناقص کارکردگی اور اہداف کے حصول میں غفلت برتنے والی ٹیموں پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ غیر تسلی بخش کارکردگی دکھانے والی ٹیموں کو فوری طور پر تبدیل کیا جائے اور ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پولیو مہم میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام متعلقہ افسران مہم کے مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 04 NOV 2026

Page No 3

وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کیلئے 10 ہزار تک کوٹہ بڑھانے پر غور

وزیراعظم کی جانب سے بلوچستان کیلئے 10 ہزار آسامیاں دینا خوش آئند امر ہے، جلد شیڈول کا بھی اعلان کریں گے، رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ

بلوچستان کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو طویل عرصے سے معاشی مشکلات کا سامنا، وزیراعظم کا اعلان بیروزگاری میں کمی کا باعث بنے گا

ملازمتوں کی فراہمی میں میرٹ، شفافیت اور تمام اضلاع کے نوجوانوں کی یکساں نمائندگی کو یقینی بنایا جائے، رہنما ن لیگ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا بلوچستان کیلئے 9 سے 10 ہزار ملازمتیں مختص کرنے کے اعلان پر شکریہ ادا کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ان ملازمتوں کی تعداد بڑھا کر 25 سے 30 ہزار تک کی جائے، تاکہ صوبے کے نوجوانوں کو روزگار کے زیادہ مواقع فراہم کئے جا سکیں اور..... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

احساس محرومی کے خاتمے میں مدد مل سکے امید ہے کہ وزیراعظم شیڈول کا بھی جلد اعلان ہوگا۔ اپنے جاری کردہ بیان میں جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان میں بے روزگاری اور دیرینہ محرومیوں کے خاتمے کی جانب ایک اہم اور قابل تحسین قدم اٹھاتے ہوئے وفاقی محکموں میں ہزاروں ملازمتیں صرف بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے مختص کی ہیں، جس پر مسلم لیگ (ن) بلوچستان اور صوبے کے عوام ان کے شکر گزار ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان طویل عرصے سے روزگار کے محدود مواقعوں اور معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، وفاقی محکموں میں ملازمتوں کا یہ اقدام نہ صرف بے روزگاری میں کمی کا باعث بنے گا بلکہ نوجوانوں میں پائی جانے والی بے چینی اور احساس محرومی کے خاتمے میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔

قلعہ عبداللہ سے مسلح جتھوں کا خاتمہ کیا جائے، پشتونخوا نیپ

آج پشتونخوا وطن دہشتگردی، قتل و غارت، اسٹریٹ کرائمز، ڈکیتی و چوری جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہے، محمد عیسیٰ روشان

پولیس فورس کو پولیس میں ضم کرنے کا فیصلہ واپس، عوام کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں، رہنماؤں کا میڈیا اور دھرنے سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کی مرکزی کال پر 3 نومبر 2007ء کی ایمرجنسی، ملک میں میڈیا اداروں سے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیوں سمیت بلوچستان میں بیروزگاری، تنخواہوں کی عدم ادائیگیوں اور تاخیر کے خلاف صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں یوم سیاہ منایا گیا اس موقع پر کوئٹہ اور اندرون بلوچستان پریس کلبز پر سیاہ جھنڈے لہرائے گئے..... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

جبری برطرفیوں کے خلاف صحافیوں کا یوم سیاہ، پریس کلب پر سیاہ جھنڈے لہرا دیے گئے

بلوچستان بھر میں صحافیوں کا بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج، تحریک اب رکنے والی نہیں، پی یو جے پی ایف یو جے

بلوچستان میں 10 بیورو دفاتر بند، کام کرنے والے 150 صحافی میڈیا ورکرز بے روزگار ہوگئے، منصور احمد رند، عرفان سعید، نورالہیٰ بگٹی

سیاسی جماعتوں کا میڈیا کی آزادی کے حوالے سے معیار دہرا ہے، ڈوب، فلات، خضدار، واشدین، ژوب، لورالائی میں رہنماؤں کا مظاہرین سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بھر میں صحافیوں کا بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج، تحریک اب رکنے والی نہیں، پی یو جے پی ایف یو جے بلوچستان میں 10 بیورو دفاتر بند، کام کرنے والے 150 صحافی میڈیا ورکرز بے روزگار ہوگئے، منصور احمد رند، عرفان سعید، نورالہیٰ بگٹی سیاسی جماعتوں کا میڈیا کی آزادی کے حوالے سے معیار دہرا ہے، ڈوب، فلات، خضدار، واشدین، ژوب، لورالائی میں رہنماؤں کا مظاہرین سے خطاب

بلوچستان بھر میں یوم سیاہ منایا گیا اس موقع پر کوئٹہ اور اندرون بلوچستان پریس کلبز پر سیاہ جھنڈے لہرائے گئے..... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

جبکہ صحافیوں نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاجی مظاہرے کئے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب پر سیاہ جھنڈے لہرایا گیا اور پریس کلب کے سامنے بھرپور احتجاجی دھرنا دیا گیا دھرنے میں صحافیوں سمیت وکلاء، سول سوسائٹی عہدیداروں اور انسانی حقوق کمیشن کے نمائندگان بھی شریک ہوئے دھرنے سے بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر منصور احمد رند کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید، پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے سینئر نائب صدر نورالہیٰ بگٹی سابق صدر پی ایف یو جے شیخ داؤد اقتدار، سینئر نائب صدر پی یو جے فرید اللہ خان، جنرل سیکرٹری پی یو جے شاہ حسین ترین، جنرل سیکرٹری کوئٹہ پریس کلب ایوب ترین، جنرل سیکرٹری کوئٹہ بار ایسوسی ایشن میر فہد بینگل ایڈووکیٹ، ایچ آر سی پی کے رہنماء شمس الملک مندوخیل، بلوچستان ہیومن رائٹس کمیشن کا نمائندہ ایڈووکیٹ سول سوسائٹی

تنظیموں کے نمائندے میر بہرام لہڑی، بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنماء عابد بٹ، ہاشمی گروپ آف پبلشرز کے ڈاکٹر ہاشمی لہڑی، پی یو جے کے سابق صدور رضا الرحمان، خلیل احمد، سلمان اشرف، عبدالخالق رند، چیئرمین پی پریس کلب عبدالحکیم بجارانی، خواتین صحافیوں کی نمائندہ مصدقہ جہانگیر اور سید دانشا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا اداروں میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیوں کا سلسلہ جاری ہے بلوچستان میں 10 کے قریب نیوز چینلز نے اپنے بیورو دفاتر بند کر دیے ہیں جس کی وجہ سے نیوز چینلز اور اخبارات میں کام کرنے والے 150 کے قریب صحافی اور میڈیا ورکرز بے روزگار ہو گئے ہیں نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک بھر میں صحافیوں کا معاشی قتل عام جاری ہے پیکا ایکٹ کی صورت میں ایک کالا قانون نافذ کیا گیا ہے جو صرف میڈیا کی آزادی پر پابندی لگانے کیلئے استعمال ہو رہا ہے مقررین کا کہنا تھا کہ صحافتی تنظیمیں اور پیشہ ورانہ آزاد اظہار رائے کے حق میں ہیں مگر جس انداز میں پیکا ایکٹ کے تحت صحافیوں کے خلاف مقدمات قائم کر کے انکو گرفتار اور ہراساں کیا جاتا ہے میڈیا کی زبان بندی کی گئی ہے

جمہوریت کا چوتھا ستون ہے انہوں نے مزید کہا کہ آج پشتونخوا وطن دہشت گردی، قتل و غارت، اسٹریٹ کرائمز، ڈکیتی اور چوری جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہے ان حالات میں عوام کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کیلئے مقامی حالات اور عوامی شعور و جذبات کو مدنظر رکھتے ہوئے موثر اقدامات کرنا ناگزیر ہے۔ اس سلسلے میں مقررین نے لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کے فیصلے پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اس فیصلے کو واپس لیا جائے اور لیویز فورس کو اس کی سابقہ حیثیت میں فوری طور پر بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ لیویز فورس مقامی ماحول کے رسم و رواج، جغرافیائی حالات اور قبائلی و سماجی ڈھانچے سے بخوبی واقف ہے، اس لئے اس کی بحالی امن و امان کے قیام اور عوام کے تحفظ کیلئے اہمیت رکھتی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 31

Dated: 04 NOV 2026 Page No. 15

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں کارروائیاں، 17 دہشتگرد ہلاک، پاک فوج کا جوان شہید، اسلحہ و گولہ بارود برآمد

ضلع مچھ اور خاران میں بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج سے منسلک دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر خفیہ کارروائیاں کی گئیں، پاک فوج کے سپاہی حکمت اللہ نے جام شہادت نوش کیا

ضلع مچھ کے علاقے سنی میں کارروائی کے دوران دہشت گردوں کی شہر میں روڈ بلاک کرنے کی کوشش کو فورسز نے بھرپور کارروائی سے ناکام بنا دیا، ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ اور بارود برآمد کر لیا گیا

انٹیلی جنس بیسڈ پر ضلع خاران میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تباہ کر دیا گیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں 7 دہشت گرد مارے گئے، جو بھارتی اسپانسرڈ دہشت گرد تھے، آئی ایس پی آر

دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مسلسل جدوجہد اور قربانیاں قابل فخر ہیں، صدر مملکت کا شہید سپاہی حکمت اللہ کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے دو اضلاع مچھ اور خاران میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے بھاری پراکسی فتنہ الہندوستان سے منسلک 17 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کا ایک سپاہی شہید ہو گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان میں کہا گیا کہ سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے اضلاع مچھ اور خاران میں بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج سے منسلک دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر یکم نومبر 2026 کو کارروائیاں کیں اور 17 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ بیان میں کہا گیا کہ ضلع مچھ کے علاقے سنی میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کی گئی، کارروائی کے دوران دہشت گردوں نے شہر میں روڈ بلاک کرنے کی کوشش کی تاہم سیکیورٹی فورسز کی بھرپور کارروائی سے اس کو ناکام بنا دیا گیا، اس موقع پر بھارت اسپانسرڈ 17 دہشت گردوں کو نشانہ بنایا..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

گیا۔ کارروائی کے حوالے سے بتایا گیا کہ ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ اور بارود بھی برآمد کر لیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ ایک اور کارروائی ضلع خاران میں کی جہاں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو اڑا دیا گیا اور شدید فائرنگ کے تبادلے میں 7 دہشت گرد مارے گئے، جو بھارتی اسپانسرڈ خوارج تھے، ان کے قبضے سے بھی اسلحہ اور بارود برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ دہشت گردوں کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے کے دوران پاک فوج کا 25 سالہ سپاہی حکمت اللہ نے بہادری سے لڑتے ہوئے شہادت پائی، جن کا تعلق خیبر پختونخوا کے ضلع کرک سے تھا۔ بیان میں بتایا گیا کہ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے ان کارروائیوں کے بعد دہشت گردوں کی موجودگی کے شبہات دور کرنے کے لیے آپریشن کیا گیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے اضلاع مچھ اور خاران میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے 17 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور ضلع مچھ میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک کی ناکہ بندی کی کوشش ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور مستعدی قابل تحسین ہے۔ صدر مملکت نے ضلع خاران میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کے خلاف کامیاب کارروائی اور دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر بھی سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا جبکہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران سپاہی حکمت اللہ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وطن عزیز کے دفاع اور امن وسلامتی کے لیے سپاہی حکمت اللہ کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، صدر مملکت نے شہید سپاہی حکمت اللہ کے اہل خانہ سے ولی ہمدردی اور اظہار تعزیت کیا۔ صدر آصف زرداری نے شہید کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا اور کہا کہ وطن عزیز سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک عزم استحکام کے تحت کارروائیاں جاری رہیں گی۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مسلسل جدوجہد اور قربانیاں قابل فخر ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 31

Dated: 04 NOV 2026 Page No. 16

کوئٹہ' نیو کچلاک پولیس کی کارروائی 25 کلو چرس برآمد

ملزم نجی دا و گرفتار' مقدمہ درج' پولیس تحقیقات کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیو کچلاک پولیس نے منشیات سمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کی چرس برآمد کر کے گاڑی قبضے میں لیکر ملزم کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس پی صدر ڈویژن شفقت امیر جتوئی کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ نیو سریاب حاجی عبدالحق کرانی نے دیگر عملے کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ایک مشکوک گاڑی کو روک کر..... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

چیک کیا تو اس کے خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 25 کلو چرس برآمد کر کے قبضے میں لیکر ملزم نجی داد کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

بیلہ: آر سی ڈی شاہراہ پر نصب بارودی مواد ناکارہ بنادیا گیا

بی ڈی ٹیم نے بروقت آپریشن کیا جم کو ناکارہ بنانے کا اعلان

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے حکم سے جاری کردہ سرکاری ہینڈ آؤٹ کے مطابق، ضلع لسبیلہ کی تحصیل بیلہ میں آر سی ڈی ہائی وے پر تعینات کاری اور امن..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

جوانوں نے انتہائی پیشہ ورانہ مہارت کیساتھ تین آئی ای ڈیز کو ناکارہ بنایا، کمشنر

دالبندین میں فورسز کی کارروائی ایک دہشتگرد ہلاک، ٹھکانے تباہ

ٹھکانوں سے اسلحہ ایمونیشن، گولہ بارود، 2 گاڑیاں، موٹر سائیکلیں سیٹلائٹ فون برآمد

سیکورٹی فورسز کی کارروائی میں زخمی ہونیوالے دہشت گردوں کی تلاش جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کے خفیہ اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران آپریشن روالفتنہ قہری کے تحت بلوچستان کے علاقے دالبندین میں کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے 2 ٹھکانوں کو تباہ کردیا جس سے ایک دہشت گرد ہلاک ہوگیا اور..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن، گولہ بارود، 2 گاڑیاں، موٹر سائیکلیں سیٹلائٹ فون برآمد کرلیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز کے عملے نے آپریشن روالفتنہ قہری کے تحت بلوچستان کے علاقے دالبندین میں پہلی چھاپہ کے مقام پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے دو ٹھکانوں کو مکمل طور پر تباہ کردیا کارروائی کے دوران ایک دہشت گرد ہلاک اور کئی زخمی ہوئے جن کی تلاش جاری ہے۔

تربت سے ملنے والی لاش کی شناخت ہوگئی

کوئٹہ (آن لائن) تربت کے علاقے سے ملنے والی لاش کی شناخت ہوگئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز تربت کے علاقے کلگ کراس سے نامعلوم لاش کی لاش ملی جس کی شناخت سالم عرف آصف سکنہ بلیدہ کے نام سے ہوئی ہے لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

میزئی اڈہ' شہداء کے لواحقین کا لاشوں کے ہمراہ دھرنا جاری

کوئٹہ چمن شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند' گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں

میزئی اڈہ (نامہ نگار) قلعہ عبداللہ کے علاقے تنگ مسیزئی میں پیش آنے والے افسوسناک واقعہ کے خلاف میزئی اڈہ میں لواحقین اور اہل علاقہ کا احتجاجی دھرنا آج تیسرے روز بھی جاری رہا۔ دھرنے کے باعث کوئٹہ چمن قومی شاہراہ مسلسل تیسرے روز بھی ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند رہی، جس کے نتیجے میں کوئٹہ، چمن اور دیگر علاقوں کے درمیان سفر کرنے..... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

والے مسافروں، ٹرانسپورٹرز اور عام شہریوں کو شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ احتجاجی مظاہرین نے جاں بحق افراد کی لاشیں میزئی اڈہ کے مقام پر کوئٹہ چمن شاہراہ پر رکھ کر دھرنا دے رکھا ہے مظاہرین کا کہنا ہے کہ تنگ مسیزئی میں پیش آنے والے افسوسناک واقعہ میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور متاثرہ نوجوان کی بازیابی کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ متاثرہ خاندانوں کو انصاف فراہم کیا جاسکے۔ دھرنے میں تیسرے روز آل پارٹیز کے رہنماؤں اور کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے احتجاج میں بھرپور حصہ لیا۔ مختلف سیاسی و سماجی حلقوں کے نمائندوں کی شرکت کے باعث احتجاج کا دائرہ مزید وسیع ہوگیا واضح رہے کہ تنگ مسیزئی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے خاتون سمیت باپ بیٹا جاں بحق جبکہ دو خواتین زخمی ہوئی تھیں۔ واقعہ کے دوران مسلح افراد مبینہ طور پر ایک نوجوان کو بھی اپنے ساتھ لے گئے جس کے بعد علاقے میں شدید تشویش اور خوف و غصے کی فضاء پائی جاتی ہے دوسری جانب واقعہ کے خلاف احتجاج اور سیکیورٹی صورتحال کے پیش نظر میزئی اڈہ کے علاقوں گلی حبیب زئی اور گلی چوڑی بازار میں جاری انسداد پولیو مہم بھی بند کردی گئی ہے، جس سے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کی سرگرمیاں متاثر ہیں۔ کوئٹہ چمن قومی شاہراہ کی مسلسل بندش کے باعث مسافر گاڑیوں، مال بردار ٹرکوں، تاجروں اور دیگر شہریوں کو آمدورفت میں شدید دشواری کا سامنا ہے۔

کوہلو' مسلح افراد کی گاڑی پر فائرنگ سے 2 بچیوں سمیت 3 افراد زخمی

فائرنگ کا واقعہ ماوند میں پیش آیا' زخمی ہسپتال منتقل' مزید کارروائی پولیس کررہی ہے

کوہلو (آن لائن) کوہلو کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی گاڑی پر فائرنگ سے 2 بچیوں سمیت 3 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوہلو کے علاقے ماوند میں ٹھہرا کے مقام پر نامعلوم ملزمان نے گاڑی پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 2 بچوں سمیت 3 افراد زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بولان' ڈویژنل ایس ای پٹ فیڈر کینال اغواء ہونے کے بعد رہا

ڈرائیور اور سرکاری گاڑی اغواء کاروں کی تحویل میں ہیں' پولیس ذرائع

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بولان کے علاقے بی بی نانی ایریا سے نامعلوم مسلح افراد نے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ انجینئر پٹ فیڈر کینال کو سرکاری ڈرائیور اور گاڑی سمیت اغواء کرلیا گیا مسلح اغواء کاروں نے رات گئے تک سپرنٹنڈنٹ انجینئر کو رہا کردیا جبکہ ڈرائیور اور سرکاری گاڑی اغواء کاروں کی تحویل میں ہیں مسلح اغواء کار لاکھوں روپے نقدی پانچ' پانچ لاکھ..... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

مالیت کے دو موبائل فونز بھی ساتھ لے گئے پولیس کے مطابق بولان کے علاقے پولیس تھانہ گورکت کی حدود بی بی نانی ایریا میں گزشتہ روز ڈیرہ مراد جمالی سے کوئٹہ جاتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ انجینئر پٹ فیڈر کینال سرکل نصیر آباد ڈویژن میر مدثر کھوسو کو سرکاری ڈرائیور اور گاڑی سمیت اغواء کرکے اپنے ساتھ لے گئے اغواء کاروں نے ان سے لاکھوں روپے نقدی پانچ' پانچ لاکھ روپے مالیت کے دو جیتی موبائل فون و دیگر سرکاری سامان چھین لیا گیا سرکاری ذرائع کے مطابق اغواء کاروں نے رات گئے میر مدثر کھوسو کو رہا کردیا جو کہ کوئٹہ پہنچ گئے ہیں جبکہ سرکاری ڈرائیور اور سرکاری گاڑی اب بھی اغواء کاروں کی تحویل میں ہے واقعہ کے بعد مقامی پولیس نے مزید تحقیقات شروع کردی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 04 NOV 2026 Page No. 17

گیس کی اوور بلنگ اور لوڈ شیڈنگ کے خلاف احتجاج

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے شہریوں کا گیس کی لوڈ شیڈنگ، اوور بلنگ اور پریشر میں کمی کے خلاف احتجاج، سوئی سدرن گیس کمپنی کے دفتر کے اسٹنگی روڈ بلاک کر دیا احتجاج میں خواتین اور بزرگ بھی شریک تھے، مظاہرین کا موقف تھا کہ طویل لوڈ شیڈنگ کے ساتھ شہر میں گیس پریشر نہیں، ایک جانب گیس نہیں اور دوسری جانب چولہے پر بھاری بھرکم بل بھیجے گئے ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ شہر میں موسم سرما کے پیش نظر فوری طور پر لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ بند کر کے مکمل پریشر کے ساتھ مسلسل گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے بعد ازاں مظاہرین نے ایس ایس جی سی حکام سے مذاکرات کے بعد احتجاج ختم کر دیا۔

MASHRIQ QUETTA

ڈیرہ مراد جمالی و نواح کے عوام ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر

مسلح افراد نے تین موٹر سائیکل، نقدی اور پانچ موبائل چھین لیے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور گھمو شوری اور اوستہ محمد ڈکیت بے قابو تین موٹر سائیکل ہزاروں روپے نقدی اور پانچ قیمتی موبائل چھین کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق گھمو شوری پولیس تھانے کی حدود ڈیرہ مراد جمالی گھمو شوری روڈ پاری موڑ اڈا لاڑہ کے ستم پر تین نامعلوم مسلح نقاب پوش افراد نے اسلحے کے زور پر صادق مری سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے پولیس تھانہ نئی ڈیرہ مراد جمالی ڈی سی چوک کے قریب مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر ہارون شاخ کے رہائشی ڈاکٹر شکور چنڑ رانی سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے جبکہ ڈیرہ مراد جمالی شرقی ریلوے پھاٹک کے قریب گزشتہ شب نامعلوم چور اسلحے کے زور پر احمد بخش سے دو قیمتی موبائل فون اور بیس ہزار روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے علاوہ ازیں اوستہ محمد تھانہ پولیس تھانے کی حدود ابڑی لاڑہ کے ستم پر تین مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر زبیر احمد لاشاری سے موٹر سائیکل موبائل فون اور نقدی چھین کر فرار ہو گئے ان تمام واقعات کی مقدمہ پولیس مزید تفتیشات کر رہی ہے۔

Century Express Quetta

خاران کے رہائشی کی علاج معالجے کیلئے وزیراعلیٰ سے اپیل

20 سال قبل پاؤں کی ہڈی ٹوٹ گئی، آپریشن خراب ہونے سے چلنے میں مشکل ہے، کمال خان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خاران کے رہائشی کمال خان نے کہا ہے کہ میں غریب مزدور ہوں، حادثے کے دوران پاؤں کی ہڈی ٹوٹ گئی 20 سال قبل بیت المال کے ذریعے آپریشن کرایا لیکن آپریشن خراب ہونے کے باعث شدید تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، ڈاکٹروں نے کراچی میں مزید علاج کرانے کا مشورہ دیا ہے مگر مالی وسائل نہ ہونے کے باعث علاج نہیں کرا سکتا، وزیراعلیٰ بلوچستان علاج معالجے کیلئے مدد کریں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ گاڑی حادثے کے دوران پاؤں کی ہڈی ٹوٹ گئی جس کا بیت المال کے ذریعے آپریشن کرایا 20 سال گزرنے کے بعد آپریشن خراب ہونے اور متاثرہ جگہ پیپ جم جانے کے باعث چلنے پھرنے میں مشکلات ہیں، ڈاکٹروں نے کراچی میں علاج کرانے کا مشورہ دیا ہے، معاشی حالات بہتر نہ ہونے کے باعث علاج نہیں کرا سکتا، انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے اپیل کی کہ علاج معالجے میں ان کی مدد کی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated 04 NOV 2026

Page No. 19

LPG crisis

The shortage of liquefied petroleum gas (LPG) in Quetta and other parts of Balochistan has created serious difficulties for the public, with a sharp increase in prices adding to the financial burden on already struggling households. Currently, LPG is being sold at Rs650 per kilogram, while a 10-kilogram cylinder is reportedly being sold for Rs7,500. These exorbitant prices have made it increasingly difficult for ordinary people to meet their daily energy requirements.

The situation is particularly alarming in Quetta, where prolonged Sui gas load-shedding and extremely low gas pressure have already compelled residents to depend on LPG to fulfil their domestic needs. In the absence of a reliable supply of natural gas, LPG has become an essential source of fuel for thousands of households as well as commercial establishments. However, the current shortage and unprecedented price hike have further multiplied the miseries of the people, who are already struggling with rising inflation and the increasing cost of living.

According to LPG dealers, the suspension of supplies following the closure of the Iran border has disrupted the flow of LPG into Balochistan. They have warned that if the border remains closed and the supply situation is not addressed promptly, prices may rise further, creating an even more difficult situation for consumers. The warning deserves serious attention from the authorities concerned, as any further increase would place an unbearable burden on low-income families.

The shortage has also severely affected hotels, restaurants and other commercial outlets, many of which depend on LPG to prepare food and continue their daily operations. With fuel costs rising sharply, business owners are finding it increasingly difficult to manage their expenses. Ultimately, these additional costs may also be passed on to customers, resulting in further increases in food prices and putting another burden on the common people.

The provincial and federal governments must take immediate notice of the worsening situation and initiate effective measures to restore the uninterrupted supply of LPG to Quetta and other parts of Balochistan. The authorities should urgently coordinate with relevant departments to facilitate the resumption of supplies through the Iran border and explore alternative arrangements to prevent future shortages. At the same time, strict monitoring of LPG markets is necessary to discourage hoarding, profiteering and overcharging by unscrupulous dealers.

The people of Balochistan cannot be left at the mercy of market forces. Ensuring an affordable and uninterrupted supply of LPG is essential, particularly when natural gas remains unreliable. Timely government intervention is imperative to provide relief to consumers and protect businesses from further losses.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 04 NOV 2026 Page No. 7

تربت ماڈل سٹی پروجیکٹ: شہر میں سڑکوں کا جال، ترقی اور خوبصورتی کے نئے امکانات

تحریر۔ چاکر بلوچ

بلوچستان کے اہم شہروں میں شمار ہونے والا تربت، ضلع کیچ کا ضلعی ہیڈکوارٹر اور مکران ڈویژن کا ایک مرکزی شہر ہے تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی، تجارتی سرگرمیوں اور شہری پھیلاؤ کے باعث تربت میں ٹریفک کا دباؤ بھی مسلسل بڑھ رہا ہے ایسے حالات میں تربت ماڈل سٹی پروجیکٹ کے تحت شہر میں سڑکوں کا جال بچھانے اور موجودہ شاہراہوں کو کشادہ کرنے کا عمل شہری ترقی کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ تربت ماڈل سٹی پروجیکٹ کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر، توسیع اور بہتری کے اقدامات کیے جارہے ہیں بالخصوص سینما چوک سے تعلیمی چوک تک سڑک کو کشادہ کرنے کا منصوبہ شہریوں کے لیے خاص اہمیت رکھتا ہے ماڈل سٹی پروجیکٹ کے تحت سینماء چوک میں نئی دکانیں تعمیر کی جاچکی ہیں جبکہ پرانے دکانوں کو مسمار کرکے دکانوں کو نئے جگہوں میں منتقل کردیا گیا ہے اور اب یہ جگہ ایک وسیع شاہراہ بن چکا ہے۔ جو تربت شہر کے مصروف ترین راستوں میں شمار ہوتی ہے، جہاں روزانہ بڑی تعداد میں گاڑیوں، موٹر سائیکلوں، رکشوں اور پیدل چلنے والوں کی آمدورفت رہتی ہے۔ اس سڑک کی کشادگی سے نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر ہونے کی توقع ہے بلکہ مصروف اوقات میں پیدا ہونے والی ٹریفک کی بھیڑ اور آمدورفت کی مشکلات میں بھی کمی آسکتی ہے۔ خصوصاً تعلیمی اداروں، کاروباری مراکز اور رہائشی علاقوں کی جانب جانے والے شہریوں کو بہتر سفری سہولت میسر آنے کی امید ہے تربت جیسے تیزی سے ترقی کرتے شہر میں سڑکوں کا بہتر نظام محض آمدورفت کی سہولت نہیں بلکہ معاشی، سماجی اور شہری ترقی کی بنیادی ضرورت بھی ہے۔ بہتر سڑکیں تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دیتی ہیں، کاروباری مراکز تک رسائی آسان بناتی ہیں اور شہری زندگی کو زیادہ منظم بنانے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں اسی طرح کشادہ اور معیاری سڑکیں شہر کے مجموعی منظرنامے، خوبصورتی اور جدید شہری شناخت میں بھی اضافہ کرتی ہیں۔ تاہم کسی بھی ماڈل سٹی منصوبے کی کامیابی صرف سڑکوں کی تعمیر اور کشادگی تک محدود نہیں ہونی چاہیے۔ اس کے ساتھ نکاسی آب کا مؤثر نظام، فٹ پاتھوں کی تعمیر، اسٹریٹ لائٹس، ٹریفک سائن بورڈز، پارکنگ کے لیے مناسب جگہوں اور شجرکاری پر بھی توجہ دینا ضروری ہے تاکہ شہری ترقی کے یہ اقدامات دیرپا اور مؤثر ثابت ہوں ضرورت اس امر کی بھی ہے کہ تعمیراتی کاموں میں معیاری میٹریل کا استعمال یقینی بنایا جائے اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ ان کی دیکھ بھال کا مستقل نظام قائم کیا جائے سڑکوں کی تعمیر کے دوران پیدل چلنے والوں، طلبہ، بزرگوں اور دکانداروں کی سہولت کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ تربت صرف ضلع کیچ کا انتظامی مرکز نہیں بلکہ مکران کی تجارتی، تعلیمی اور سماجی سرگرمیوں کا بھی ایک اہم مرکز ہے۔ اس لیے شہری منصوبہ بندی جدید تقاضوں کے مطابق کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تربت ماڈل سٹی پروجیکٹ کے تحت سڑکوں کا جال بچھانے اور شاہراہوں کو کشادہ کرنے کے اقدامات اگر مؤثر منصوبہ بندی، شفافیت اور معیار کے ساتھ مکمل کیے جائیں تو یہ شہر کے مستقبل کے لیے ایک مثبت سرمایہ کاری ثابت ہوسکتے ہیں۔ تربت کو ایک خوبصورت، منظم اور جدید شہر بنانے کے لیے ترقیاتی منصوبے نا صرف تعمیرات تک محدود ہیں بلکہ شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور معیاری شہری سہولیات بھی فراہم کرنے کیلئے حکومت جدوجہد کررہی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

MEEZAN QUETTA

Daily

04 NOV 2026

Page No. 18

سرکاری ملازمین عوام کے خادم!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پہلی بار محکمہ صحت میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) پر مبنی حاضری کا نظام متعارف کرایا جارہا ہے تاکہ سرکاری ملازمین کی حاضری نظم وضبط کو یقینی بنایا جاسکے۔صوبے میں مسلسل غیر حاضر رہنے والے مزید 72 ڈاکٹروں کو برطرف کردیا گیا ہے جس کے بعد محکمہ صحت میں غیر حاضری پر برطرف کئے جانے والے ملازمین کی مجموعی تعداد 200 ہوگئی ہے۔حاضری اور نظم وضبط کی خلاف ورزیوں پر اب تک سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے مجموعی طور پر 41 کروڑ روپے کی کٹوتی کی جاچکی ہے جبکہ غیر حاضری اور فرائض سے غفلت برتنے پر 11 ہزار ملازمین سے وضاحت طلب کی گئی ہے مزید 800 ملازمین کے خلاف محکمانہ کاروائی بھی جاری ہے۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سرکاری ملازم عوام کے خادم ہیں اور انہیں اپنی ذمہ داریاں پوری دیانتداری ،پابندی اور احساس ذمہ داری کے ساتھ ادا کرنا ہوں گی۔کسی بھی سرکاری ملازم کو گھر بیٹھ کر تنخواہ لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔انہوں نے واضح کیا کہ عوامی خدمت میں غفلت اور غیر حاضری برداشت نہیں کی جائیگی اور سرکاری اداروں میں حاضری نظم وضبط اور کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری رہیں گے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ سرکاری ملازمین کا عوام کا خادم ہونے کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا مذکورہ بیان حقیقت پر مبنی ہے کیونکہ ملازمین سرکاری خزانے سے تنخواہیں اور مراعات لیتے ہیں جو کہ بلاشبہ عوام کا پیسہ ہے اس لیے ان ملازمین کو عوام کا خاص خیال رکھنا چاہیئے جو کہ اکثر نہیں رکھا جاتا۔بعض محکموں میں ایسے افسر اور اہلکار بھی ہوتے ہیں جو ایک عام آدمی کا کوئی بھی کام کرنے سے کتراتے ہیں۔وہ اس کو بار بار دفتر کے چکر لگواتے ہیں۔جس سے وہ اپنا ایک جائز کام بھی نہیں کرواپاتا جو کہ تشویشناک بات ہے۔کیونکہ وہ اپنے جائز کام کے لیے پریشان ہوتا ہے۔جہاں تک سرکاری ملازمین خصوصاً محکمہ صحت کے ملازمین کی حاضری نظم وضبط کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں قائم صوبائی حکومت کی کارکردگی قابل تعریف ہے۔وزیراعلیٰ نے اپنے مذکورہ بیان میں اس سلسلے میں تمام صورتحال واضح کردی ہے۔صوبائی حکومت نے اب تک ڈاکٹرز اور دیگر عملے کو فرائض ادا نہ کرنے پر برطرف کرکے یہ ثابت کردیا ہے کہ وہ صحیح معنوں میں ایک عوامی حکومت ہے جو اس کے مسائل حل کرنے کے لیے کوشاں ہے اس کا سہرا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سر جاتا ہے انہوں نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور متعلقہ حکام کو اس ضمن میں سخت ہدایات دے رکھی ہیں اور اس تمام معاملے کی نگرانی خود کررہے ہیں جو ان کا حقیقی معنوں میں عوامی نمائندہ ہونے کا واضح ثبوت ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ اس سلسلے کو ہر صورت میں جاری رکھتے ہوئے اس پر کسی بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ یہ عوام کی صحت کا معاملہ ہے۔صوبائی حکومت کو محکمہ صحت میں مزید اصلاحات لاتے ہوئے سرکاری ہسپتالوں میں علاج ومعالجہ کی تمام سہولتیں فراہم کرنے کے اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ ہر غریب آدمی اپنا علاج معالجہ کراسکے کیونکہ وہ پرائیویٹ کلینکس اور ہسپتالوں سے علاج کروانے سے قاصر ہوتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 04 NOV 2026 Page No. 18

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کیخلاف بے بنیاد الزامات اور سوشل میڈیا مہم



تحریر: وحید بخش مگسی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خلاف گزشتہ چند روز سے سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر منفی پروپیگنڈے اور غیر مصدقہ اطلاعات کی تشہیر کا سلسلہ جاری ہے۔ اس حوالے سے مختلف نوعیت کے الزامات اور دعوے سامنے آئے ہیں، جن کا مقصد بظاہر وزیراعلیٰ بلوچستان کی سیاسی ساکھ اور عوامی اعتماد کو متاثر کرنا ہے۔ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی سے منسوب اطلاعات کے مطابق اس مہم میں بعض جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے استعمال کا معاملہ بھی سامنے آیا ہے، جو اس تمام صورتحال کی شفاف تحقیقات کی ضرورت کو مزید اہم بناتا ہے۔ سیاسی اختلاف رائے جمہوری نظام کا بنیادی تقاضا ہے اور حکومت کی پالیسیوں، فیصلوں اور کارکردگی پر تنقید ہر شہری کا حق ہے، تاہم غیر مصدقہ اطلاعات کی بنیاد پر الزامات عائد کرنا اور سوشل میڈیا کے ذریعے کسی شخصیت کی کردار کشی کرنا ذمہ دارانہ طرز عمل نہیں۔ بالخصوص بلوچستان جیسے اہم اور حساس صوبے میں سیاسی استحکام، امن وامان اور ترقیاتی عمل کے تسلسل کے لیے ضروری ہے کہ قومی اور صوبائی معاملات کو سنجیدگی اور حقائق کی بنیاد پر دیکھا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے دور حکومت میں انتظامی اصلاحات، میرٹ کے فروغ، عوامی خدمات کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کے حوالے سے متعدد اقدامات کیے ہیں۔ ان کی حکومت نے سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے اور عوامی وسائل کے شفاف استعمال کو یقینی بنانے کے لیے مختلف شعبوں میں اصلاحاتی اقدامات متعارف کرائے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف ان کا واضح مؤقف بھی قومی سطح پر زیر بحث رہا ہے اور انہوں نے مختلف آئینی، سیاسی اور قومی فورمز پر بلوچستان کا مقدمہ پیش کیا ہے۔ گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر وزیراعلیٰ ہاؤس میں بعض اہلکاروں کی مبینہ آمد، وہاں کئی گھنٹوں تک قیام اور اہم سرکاری دستاویزات، لیپ ٹاپ اور پی ایس ڈی پی کی فائلیں تحویل میں لینے سے متعلق اطلاعات گردش کرتی رہیں۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کوئٹہ پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو میں ان الزامات کو من گھڑت اور حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے ان اطلاعات کو مسترد کر دیا ہے اس لئے محض سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی اطلاعات کو حقائق کا درجہ نہیں دیا جاسکتا۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے سرکاری ملازمتوں میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے تمام محکموں کے سیکرٹریز کو واضح ہدایات جاری کیں کہ سرکاری بھرتیوں میں کسی قسم کی سیاسی مداخلت، ذاتی پسند و ناپسند یا سفارش کو قبول نہ کیا جائے اور تقرریوں کا عمل مقررہ قواعد و ضوابط اور میرٹ کے مطابق مکمل کیا جائے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو مساوی مواقع فراہم کرنا اور سرکاری اداروں میں شفاف بھرتیوں کے نظام کو مستحکم بنانا ہے۔ بلوچستان کو اس وقت تعلیم، صحت، روزگار، بنیادی ڈھانچے، امن وامان اور انتظامی بہتری جیسے اہم شعبوں میں مسلسل توجہ اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ ایسے حالات میں سیاسی اختلافات کو ذاتی الزامات اور غیر مصدقہ اطلاعات کی بنیاد پر آگے بڑھانے کے بجائے حکومتی کارکردگی کو ٹھوس حقائق، پالیسی اقدامات اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی بنیاد پر جانچنا زیادہ مناسب ہوگا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی حکومت کی کارکردگی پر تنقید اور حکومتی فیصلوں سے اختلاف کا حق ہر سیاسی جماعت، شہری اور حلقہ حلقے کو حاصل ہے، تاہم کسی بھی الزام کو بغیر تصدیق حقیقت کے طور پر پیش کرنا درست نہیں۔ ضروری ہے کہ سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال کو فروغ دیا جائے، غیر مصدقہ اطلاعات کی تشہیر سے گریز کیا جائے اور ہر معاملے میں شواہد، قانونی تقاضوں اور حقائق کو بنیادی اہمیت دی جائے۔ بلوچستان کی ترقی، اداروں کے استحکام اور عوامی مفادات کا تحفظ تمام سیاسی و سماجی حلقوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 04 NOV 2026 Page No. 18

وزیراعلیٰ بلوچستان کے ترقیاتی وژن کی تکمیل، صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ کی فیلڈ مانیٹرنگ



تحریر: اختر منگی

ارشاد علی سیاپائی اور سب ڈویژنل انجینئر یاسر ابڑو نے صوبائی وزیر کو جاری ترقیاتی منصوبوں کی تعمیراتی پیش رفت، معیار، دستیاب سہولیات اور مجموعی ترقیاتی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور منصوبوں کی موجودہ صورتحال سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ نے تمام جاری ترقیاتی منصوبوں کا باریک بینی سے مشاہدہ کرتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار، رفتار اور منصوبہ بندی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام منصوبوں پر کام مقررہ معیار اور طے شدہ منصوبہ بندی کے مطابق جاری رکھا جائے اور ترقیاتی عمل کو مزید موثر، شفاف اور تیز رفتار انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ عوام کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کو بہتر خطوط پر ہم آہنگ کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، اس لیے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل میں کسی قسم کی غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ حکومت بلوچستان کے وژن اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ترقیاتی ایجنڈے کے مطابق تعمیر آباد ڈویژن کے تمام اضلاع میں پی ایس ڈی پی سمیت بلوچستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) پروگرام کے تحت بھی متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، جن کا صوبائی وزیر موصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے اپنے دورے کے دوران تفصیلی جائزہ لیا جبکہ مختلف منصوبوں کا افتتاح بھی کیا۔ صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ کا تعمیر آباد ڈویژن کے مختلف اضلاع کا دورہ موجودہ حکومت کے عوام دوست بلوچستان کو عملی جامہ پہنانے کے حوالے سے نہایت اہمیت کا حامل ہے، یہ عملی اس کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں کا موقع پر معائنہ، تعمیراتی کام کے معیار اور منصوبوں کے خطہ خالی کروا کر بلڈنگ لینے کے ساتھ متعلقہ ایکسیئن/ایکسیئن کو ضروری ہدایات جاری کرنا اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ حکومت بلوچستان ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں معیار اور شفافیت کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔ صوبائی وزیر کی جانب سے ترقیاتی امور کی مسلسل نگرانی نہ صرف عوام کے وسیع تر مفاد میں ہے بلکہ اس سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ ہر منصوبے مقررہ معیار، مختصر شدہ پی سی ون اور طے شدہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل ہوں تاکہ عوام ان سے طویل المدتی اور دیرپا فوائد حاصل کر سکیں۔ وزیر موصلات بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ ہمارے تمام اضلاع میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے اور کسی بھی علاقے کو ترقی کے عمل سے محروم نہ رکھا جائے۔ اسی حکمت عملی کے تحت انہوں نے صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ اور چیف انجینئر تعمیر آباد ڈویژن میر ہاشم کھوسہ کی مسلسل کے ساتھ تعمیر آباد ڈویژن کے مختلف اضلاع کے دورے کرکے جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار اور دیگر امور کا براہ راست جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ صوبائی وزیر کے ان دوروں سے ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کا عمل مزید مؤثر ہوا ہے اور متعلقہ محکموں میں بہتر کوآرڈینیشن کو فروغ ملا ہے۔ صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ نے اپنے دورے کے دوران ضلع ہنگلاج میں محکمہ موصلات و تعمیرات کے زیر نگرانی جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایس ایم ایف کے ضلع مشن آفیسر انجینئر ظہیر یاسر ابڑو نے صوبائی وزیر کو جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار اور مجموعی ترقیاتی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ دورے کے دوران انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ہنگلاج میں جاری تعمیراتی منصوبوں کا بھی معائنہ کیا۔ ایکسیئن ہائی وے ڈویژن انجینئر عبدالرحیم بلوچ نے صوبائی وزیر کو ہسپتال میں جاری تعمیراتی منصوبوں کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ دورے کے دوران صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ نے ہسپتال کے مختلف وارڈز کا بھی دورہ کیا اور مریضوں سے ملاقات کی۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ صوبائی وزیر نے ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ کا بھی دورہ کیا اور وہاں موجود مریضوں کی عیادت کی۔ ایکسیئن محکمہ موصلات و تعمیرات بشیر ہاشمی نے صوبائی وزیر کو مختلف منصوبوں کی تعمیراتی پیش رفت، معیار، دستیاب سہولیات اور مجموعی ترقیاتی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور منصوبوں کی موجودہ صورتحال سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ نے تمام جاری ترقیاتی منصوبوں کا باریک بینی سے مشاہدہ کرتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار، رفتار اور منصوبہ بندی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام منصوبوں پر کام مقررہ معیار اور طے شدہ منصوبہ بندی کے مطابق جاری رکھا جائے اور ترقیاتی عمل کو مزید موثر، شفاف اور تیز رفتار انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ عوام کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کو بہتر خطوط پر ہم آہنگ کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، اس لیے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل میں کسی قسم کی غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ حکومت بلوچستان کے وژن اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ترقیاتی ایجنڈے کے مطابق تعمیر آباد ڈویژن کے تمام اضلاع میں پی ایس ڈی پی سمیت بلوچستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) پروگرام کے تحت بھی متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، جن کا صوبائی وزیر موصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے اپنے دورے کے دوران تفصیلی جائزہ لیا جبکہ مختلف منصوبوں کا افتتاح بھی کیا۔ صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ کا تعمیر آباد ڈویژن کے مختلف اضلاع کا دورہ موجودہ حکومت کے عوام دوست بلوچستان کو عملی جامہ پہنانے کے حوالے سے نہایت اہمیت کا حامل ہے، یہ عملی اس کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں کا موقع پر معائنہ، تعمیراتی کام کے معیار اور منصوبوں کے خطہ خالی کروا کر بلڈنگ لینے کے ساتھ متعلقہ ایکسیئن/ایکسیئن کو ضروری ہدایات جاری کرنا اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ حکومت بلوچستان ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں معیار اور شفافیت کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔ صوبائی وزیر کی جانب سے ترقیاتی امور کی مسلسل نگرانی نہ صرف عوام کے وسیع تر مفاد میں ہے بلکہ اس سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ ہر منصوبے مقررہ معیار، مختصر شدہ پی سی ون اور طے شدہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل ہوں تاکہ عوام ان سے طویل المدتی اور دیرپا فوائد حاصل کر سکیں۔ وزیر موصلات بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ ہمارے تمام اضلاع میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے اور کسی بھی علاقے کو ترقی کے عمل سے محروم نہ رکھا جائے۔ اسی حکمت عملی کے تحت انہوں نے صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ اور چیف انجینئر تعمیر آباد ڈویژن میر ہاشم کھوسہ کی مسلسل کے ساتھ تعمیر آباد ڈویژن کے مختلف اضلاع کے دورے کرکے جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار اور دیگر امور کا براہ راست جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ صوبائی وزیر کے ان دوروں سے ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کا عمل مزید مؤثر ہوا ہے اور متعلقہ محکموں میں بہتر کوآرڈینیشن کو فروغ ملا ہے۔ صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ نے اپنے دورے کے دوران ضلع ہنگلاج میں محکمہ موصلات و تعمیرات کے زیر نگرانی جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایس ایم ایف کے ضلع مشن آفیسر انجینئر ظہیر یاسر ابڑو نے صوبائی وزیر کو جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار اور مجموعی ترقیاتی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ دورے کے دوران انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ہنگلاج میں جاری تعمیراتی منصوبوں کا بھی معائنہ کیا۔ ایکسیئن ہائی وے ڈویژن انجینئر عبدالرحیم بلوچ نے صوبائی وزیر کو ہسپتال میں جاری تعمیراتی منصوبوں کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ دورے کے دوران صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ نے ہسپتال کے مختلف وارڈز کا بھی دورہ کیا اور مریضوں سے ملاقات کی۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ صوبائی وزیر نے ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ کا بھی دورہ کیا اور وہاں موجود مریضوں کی عیادت کی۔